# راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ

# نیلام عام

عوام الناس اور قربانی کے جانور کے ریوڑ بانوں کی سہولت کے پیش نظر جانوروں کی خرید وفروخت کیلئے راولپنڈی کینٹ کی حدود میں درج ذیل مقام پر عارضی منڈی مویشیاں کے حقوق وصولی فیس کا نیلام عام برائے عرصہ از تاریخ منظوری تا عید الاضحیٰ 2025 کے تیسرے دن تک ہوگا۔ جس کی نیلامی مورخہ 28 اپریل 2025 بوقت 11 بجے دن دفتر ہذا میں کر رہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ 29 اپریل 2025 کو اور سہ بارہ مورخہ 30 اپریل 2025 کو اسی وقت اور مقام پر ہو گی۔

**خرید وفروخت کی جگہ: اراضی کینٹ بورڈ بھاٹہ چوک راولپنڈی کینٹ**

| | | |
|---|---|---|
| | **شرح وصولی انٹری فیس** | |
| 1 | بڑا جانور (گائے، بھینس، اونٹ وغیرہ) | مبلغ -/3000 روپے فی عدد |
| 2 | چھوٹا جانور (بکرا، بکری، بھیڑ، دنبہ وغیرہ) | مبلغ -/2000 روپے فی عدد |
| 3 | بھوسہ چارہ وغیرہ لانے والی بڑی گاڑی سے | مبلغ -/1000 روپے بطور انٹری فیس |
| 4 | بھوسہ چارہ وغیرہ لانے والی چھوٹی گاڑی سے | مبلغ -/500 روپے بطور انٹری فیس |
| 5 | انٹری فیس کے علاوہ جانوروں کی بڑی گاڑیوں (دس ویلر تک) | مبلغ -/400 روپے فی پھیرا |
| 6 | انٹری فیس کے علاوہ جانوروں کی بڑی گاڑیوں (چھ ویلر تک) | مبلغ -/300 روپے فی پھیرا |
| 7 | ٹرک، مزدا، شہ زور | مبلغ -/200 روپے فی پھیرا |
| 8 | پک اپ | مبلغ -/100 روپے فی پھیرا |
| | **مخصوص کردہ جگہ برائے پارکنگ فیس** | |
| 9 | کار / جیپ وغیرہ | مبلغ -/100 روپے یومیہ |
| 10 | موٹر سائیکل | مبلغ -/50 روپے یومیہ |
| | **سٹال فیس** | |
| 11 | مختص کردہ جگہ برائے سٹال سے | مبلغ -/150 روپے فی مربع گز |

## شرائط نیلامی:۔

ا۔ خواہش مند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ پچاس لاکھ روپے (-/50,00,000) روپے کی کال ڈیپازٹ بنام ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ مع کارآمد شناختی کارڈ بطور زرضمانت بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرانا ہوگا، کنٹونمنٹ بورڈ کے نادھندگان بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے اگر ایسا شخص یا ادارہ حقائق چھپا کر کامیاب بھی ہو جائے تو اس کی جمع شدہ رقم ضبط کر کے منڈی کی نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کا 1/2 حصہ موقع پر اور بقیہ رقم (1/2 حصہ) مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری کے سات (07) یوم کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ضبط تصور ہوگا اور بورڈ اگر مناسب سمجھے کہ ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو زائد بولی کی بنیاد پر پیش کر دے۔

۳۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دھندہ کی کال ڈیپازٹ تاوقتِ منظوری مجاز اتھارٹی دفتر ہذا میں جمع رہے گی اور وہ بعدازاں بذریعہ درخواست واپس لے سکتا ہے۔

۴۔ کامیاب بولی دھندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔جانوروں کیلئے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔

۵۔ خرید وفروخت / منڈی کی جگہ کو (Cordon Off) حلقہ جدا رکھا جائیگا۔

۶۔ کورونا وائرس (Covid-19) کے ممکنہ پھیلاؤ کے خلاف حفظ ماتقدم کے طور پر کینٹ کے تمام تر علاقوں میں انفرادی واجتماعی طور پر جانوروں کی خرید وفروخت پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

۷۔ انکم ٹیکس ودیگر ٹیکسوں کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دھندہ کو یکمشت ایڈوانس جمع کروانا ہوگا اور گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ایکٹ 2018 کے مطابق کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے 0.25% کی سٹیمپ ڈیوٹی ادا کرے گا۔

۸۔ کامیاب بولی دھندہ دفتر ہذا کے ساتھ E-Stamp پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا اور معاہدہ کے بغیر کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچہ وخرچہ پر معاہدہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کروائے گا۔

۹۔ کامیاب بولی دھندہ ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنانے کا پابند ہوگا۔

۱۰۔ اشتہار بمعہ شرائط نیلامی PPRA ، ML&C اور کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں ۔ زیردستخطی رکنٹونمنٹ بورڈ PPRA Rules کے تحت کوئی ایک بولی یا تمام بولیاں مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

۱۱۔ جانوروں کی خرید وفروخت صرف (مقررہ جگہ) منڈی میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی فرد / افراد کو راولپنڈی کینٹ کی حدود میں منڈی کے علاوہ کسی اور مقام پر جانوروں کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی نیز ٹھیکیدار منڈی مویشیاں کے علاوہ کسی اور جگہ سے وصولی کا مجاز نہ ہوگا

۱۲۔ ٹھیکیدار مندرجہ بالا ریٹ کے علاوہ اور کسی قسم کی وصولی کا مجاز نہ ہوگا اور شرح وصولی کے بورڈ منڈی کے احاطہ کے اندر اور باہر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا

۱۳۔ گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی ومحکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

۱۴۔ دیگر شرائط وضوابط نیلام دفتری اوقات کار کے دوران دفتر ہذا کی لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk